برامپٹن ٹرانزٹ کے مسافروں سے پرزور گزارش کی جاتی ہے کہ وہ بسوں کے اندر اور بس اسٹاپس اور ٹرمینلز پر نان میڈیکل ماسک پہنیں

برامپٹن، آن (22 مئی 2020) – اونٹیریو کی حکومت اور ریجن آف پیل نے پبلک ٹرانزٹ پر سفر کرنے والے تمام مسافروں کو نان میڈیکل ماسک پہننے کی تجویز دی ہے جبکہ مسافروں کو ایک دوسرے کے درمیان مناسب جسمانی فاصلہ برقرار رکھنے میں بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اپنے عملہ اور رہائشیوں کی صحت اور حفاظت، سٹی کے لیے انتہائی اہم ہے اور مسافروں سے پرزور گزارش کی جاتی ہے کہ وہ کووڈ-19 کی وجہ سے برامپٹن ٹرانزٹ کی بسوں کے اندر، بس اسٹاپس اور ٹرمینلز پر نان میڈیکل ماسک پہنے رکھیں۔

مسافروں کو یاددہانی کرائی جاتی ہے کہ وہ ٹرمینلز اور بس اسٹاپس پر موجودگی کے دوران اور بسوں میں بیٹھنے اور اترنے کے دوران 6 فٹ (2 میٹر) کا باہمی جسمانی فاصلہ لازمی برقرار رکھیں۔

نان میڈیکل ماسک کے بارے میں معلومات کے لیے، ریجن آف پیل کی ویب سائٹ اور گورنمنٹ آف اونٹیریو کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

کووڈ-19 کے لیے حفاظتی اقدامات

صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کی اضافہ شدہ کاروائیاں بدستور جاری رہیں گی۔ برامپٹن ٹرانزٹ نے تمام ٹھوس سطحوں، آپریٹر کے کمپارٹمنٹس اور سیٹوں کو ہر 48 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کرنے کا ہدف مقرر کیا ہوا ہے۔ زیادہ تر بسوں کو موجودہ طور پر ہر 24 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کیا جا رہا ہے۔ جبکہ سہولت گاہوں اور ٹرمینلز کی ٹھوس سطحوں کی صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کا کام روزانہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ مسافروں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سفر کے لیے اپنی ذاتی جراثیم کش اشیاء مثلاً ہینڈ سینیٹائزر یا تولیے وغیرہ اپنے ساتھ لائیں اور اپنے ہاتھوں کو کثرت سے دھوئیں۔

خطرے پر گہری نظر رکھنے کے لیے سٹی آف برامپٹن اپنے شراکت داروں پیل پبلک ہیلتھ اور برامپٹن ایمرجینسی منیجمنٹ آفس کے ساتھ قریبی طور پر اور مل جل کر کام کر رہا ہے۔ باقاعدہ اپ ڈیٹس کے لیے www.brampton.ca/covid19 ملاحظہ کریں اور سروس اپ ڈیٹس کے لیے www.bramptontransit.com پر جائیں یا Twitter پر @bramptontransit کو فالو کریں۔ کسی قسم کے سوالات برامپٹن ٹرانزٹ کے کنٹیکٹ سنٹر سے 905.874.2999 پر پوچھے جا سکتے ہیں۔

اقتباسات

"سٹی اپنی کمیونٹی کی صحت اور حفاظت کو انتہائی مقدم رکھتا ہے۔ میں برامپٹن ٹرانزٹ کے تمام مسافروں سے پرزور گزارش کرتا ہوں کہ وہ اونٹیریو گورنمنٹ اور ریجن آف پیلز کی ہدایات پر سختی سے عمل درآمد کریں اور برامپٹن ٹرانزٹ کی بسوں میں اور بس اسٹاپس اور ٹرمینلز پر نان میڈیکل ماسک پہنیں۔ ہم سب مل جل کر ہی کووڈ-19 کو مزید پھیلنے سے روک سکتے ہیں۔"

- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن

"سٹی آف برامپٹن، برامپٹن ٹرانزٹ کے مسافروں کو نقل و حمل کے محفوظ مواقع فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے، مگر ہم اپنے ٹرانزٹ آپریٹرز کو بھی کام کے محفوظ حالات فراہم کرنا چاہتے ہیں۔ ہماری کمیونٹی کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے مسافروں سے پرزور گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اونٹیریو گورنمنٹ اور ریجن آف پیل پبلک ہیلتھ کی ہدایات پر سختی سے عمل کریں۔"

- ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن

The Corporation of The City of Brampton
2 Wellington Street West, Brampton, ON L6Y 4R2 3-1-1 TTY: 905.874.2130

BRAMPTON

Service and Information Update

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca